## برصغیر کی آزادی کی جدوجہد میں مولانا حسرت موہانی کا مثالی کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا۔الطاف حسین

### مولانا حسرت موہانی صرف شاعر نہیں تھے بلکہ برصغیر کی آزادی کے عظیم رہنما بھی تھے

### مولانا حسرت موہانی نے اپنی تحریروں اور شاعری کے ذریعے صرف دوسرے لوگوں ہی کو آزادی کیلئے جدوجہد کا درس نہیں دیا بلکہ میدان عمل میں آکر خود بھی عملی جدوجہد کی اوراسکی پاداش میں کئی بار قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں

### سیدالاحرارمولانا حسرت موہانی کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام

لندن۔۔۔ 13 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ برصغیر کی آزادی کی جدوجہد میں مولانا حسرت موہانی نے جومثالی کردارادا کیا ہے اسے تاریخ سے ہرگز فراموش نہیں کیا جاسکتا۔سیدالاحرارمولانا حسرت موہانی کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مولانا حسرت موہانی کی پوری زندگی جرات وہمت،اصول پسندی، بیباکی، باضمیری اورحق پرستی کا عملی نمونہ تھی۔وہ صرف شاعر نہیں تھے بلکہ برصغیر کی آزادی کے عظیم رہنما بھی تھے،انہوں نے اپنی تحریروں اورشاعری کے ذریعے صرف دوسرے لوگوں ہی کو آزادی کیلئے جدوجہد کا درس نہیں دیا بلکہ خود بھی میدان عمل میں آکر برصغیر کی آزادی کیلئے عملی جدوجہد کی اوراس جدوجہد کی پاداش میں کئی بارقید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن اپنے ظرف وضمیراوراصولوں کا سودانہیں کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ مولانا حسرت موہانی اوران جیسے تمام حریت پسندوں اورجدوجہد آزادی کے اکابرین کوہرگز فراموش نہ کیا جائے بلکہ ان کی قربانیوں سے نئی نسل کوآگاہ کیا جائے کیونکہ جوقوم اپنے محسنوں کوفراموش کردیتی ہے وہ دنیا میں کبھی عزت ووقار حاصل نہیں کرسکتی۔

## ایم کیوایم کے شعبہء اطلاعات نے پاکستان کے سیاسی نظام اورغریب ومتوسط طبقہ کی جدوجہد کے بارے میں ایک ڈرامہ ''جہد مسلسل'' تیارکرلیا۔یہ تحریکی ڈرامہ ہفتہ 15 مئی کوملک بھرمیں ریلیز کیا جائے گا

### ڈرامے کی نمائش کے سلسلے میں ایم کیوایم کے زیراہتمام سندھ، پنجاب، بلوچستان،آزادکشمیر،گلگت اور بلتستان میں مجموعی طور پر 30 شہروں میں بیک وقت اجتماعات منعقد کئے جائیں گے،قائد تحریک الطاف حسین ٹیلیفون پرخطاب کریں گے

کراچی۔۔۔13 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہء اطلاعات نے پاکستان کے سیاسی نظام اورغریب ومتوسط طبقہ کی جدوجہد کے بارے میں ایک ڈرامہ تیارکیا ہے جس کا نام ''جہد مسلسل'' رکھا گیا ہے۔یہ تحریکی ڈرامہ ہفتہ 15 مئی کوملک بھرمیں ریلیز کیا جائے گا۔ڈرامے ''جہد مسلسل'' میں تحریک پاکستان،قیام پاکستان کے بعد کے حالات وواقعات اورقائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم کی جدوجہد کوموضوع بنایا گیا ہے۔ڈرامے میں ٹی وی اوراسٹیج کی دنیا کے ممتاز اورسینئر فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا ہے۔شعبہ اطلاعات کے تیارکردہ اس ڈرامے کی نمائش کے سلسلے میں ایم کیوایم کے زیراہتمام سندھ، پنجاب، بلوچستان،آزادکشمیر،گلگت اور بلتستان میں مجموعی طور پر30 شہروں میں بیک وقت اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ہفتہ کوشام چھ بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا۔ان اجتماعات سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلیفون پر خطاب کریں گے۔

## وادی ہنزہ کے متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت مرکزی کیمپ قائم کردیا گیا
## پہلے روز عوام کی جانب سے بھاری تعداد میں اشیاء خورردونوش اور نقد عطیات جمع کرائے گئے
## حق پرست عوام ومخیّر حضرات زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی ۔۔۔13اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جمعرات کے روز فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں وادی ہنزہ کے متاثرین کیلئے مرکزی امدادی کیمپ قائم کردیا گیا، امدادی کیمپ میں پہلے دن بھاری مقدار میں اشیائے خوردونوش اور نقد عطیات جمع کرائے گئے۔ جبکہ شہریوں خصوصاً مخیّر حضرات کی جانب سے بڑی تعداد میں امدادی اشیائے خوردونوش کے علاوہ نقد عطیات جمع کروانے کا سلسلہ جاری ہے اورعوام متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ پہنچ رہے ہیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے عوام خصوصاً مخیّر حضرات سے اپیل ہے کہ وادی ہنزہ کے متاثرین کی امداد کیلئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں اشیائے خوردونوش اور نقد عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ میں جمع کرائیں۔

## کے ای ایس سی کی انتظامیہ کی ہٹ دھرمی اور مزدور دشمن پالیسیوں نے ادارے کو تباہی کی طرف گامزن کردیا ہے
## کالے قوانین نافذ کئے جارہے ہیں جو بنیادی انسانی حقوق کے چارٹر کے منافی ہیں، (مقررین جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے ای ایس سی)

کراچی ۔۔۔13اپریل2010ء

کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی (کے ای ایس سی) کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے ارکان جاوید علی، ایاز مینگل، اسلم سموں، لطیف مغل، ارباب اسد، شاہ سعید اور دیگر نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ کی ہٹ دھرمی اور مزدور دشمن پالیسیوں نے ادارے کو تباہی کی طرف گامزن کردیا ہے ادارے میں ایسے کالے قوانین نافذ کئے جارہے ہیں جو بنیادی انسانی حقوق کے چارٹر کے منافی ہیں۔ یہ بات انہوں نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے تحت ہونے والے احتجاجی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کے ملازمین کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہا تو ملازمین اپنے اتحاد کی قوت ایسی تمام کوششوں کو نہ صرف ناکام بنادیں گے بلکہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ مقررین نے کہا کہ ایک طرف تو انتظامیہ اپنی مرضی اور اپنے بنائے ہوئے قوائد اور اصول کے تحت نان ٹیکنیکل افراد کو بھرتی کررہی ہے اور دوسری طرف 20,20 سال سے کام کرنے والے تجربہ کار ٹیکنیکل افسران و ملازمین کو یک جنبش قلم سے ملازمتوں سے بغیر کسی مراعات کے جبری برطرف کررہی ہے انتظامیہ کا یہ عمل سراسر ملازمین کے معاشی قتل عام کے مترادف ہے۔ مقررین نے لیبر یونین پر سخت تنقید کرتے ہوئے انہیں تنبیہ کی کہ وہ انتظامیہ کا آلہ کار بننے سے گریز کریں۔ انہوں نے کے ای ایس سی کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ جبری برطرف کئے گئے تمام افسران کو فی الفور بحال کیا جائے۔ جلسے سے یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ، پیپلز ورکرز فرنٹ، کسوٹی، جئے سندھ پورھیت سنگت اور دیگر ٹریڈ یونینز کے نمائندوں نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر کے ای ایس سی کے متاثرین کے علاوہ ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے، اراکین قومی اسمبلی
## بجلی مہنگی ہونے سے مزید درجنوں کمپنیاں اور کارخانے بند ہونے کا خدشہ ہے بے روزگاری بڑھے گی

کراچی ۔۔۔13مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے بجلی کی قیمت میں مزید چھ فیصد اضافے کے فیصلے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے صدر، وزیراعظم سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی قیمت میں چھ فیصد اضافے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ہر ماہ بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونیوالے اضافے نے مہنگائی میں 400 گناہ سے بھی زیادہ اضافہ کردیا ہے، مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ رکھی ہے اور بجلی مہنگی ہونے سے بھی اشیائے خوردونوش کی قیمتیں غریب عوام کی پہنچ سے مزید دور ہوجائیں گی۔ گزشتہ چند سالوں کے دوران ہوشربا مہنگائی عوام کے معاشی، اقتصادی اور اجتماعی قتل عام کا سبب بن رہی ہے جس نے تنخواہ دار غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی زندگی اجیرن بن کر رہ گئی ہے اور وہ کسمپرسی وفاقہ کشی کی زندگی سے تنگ آکر نہ صرف خودکشی اور خودسوزی جیسے اقدامات پر مجبور ہورہے ہیں جبکہ روز بہ روز بڑھتی ہوئی مہنگائی کے سبب شہروں میں جرائم کی وارداتوں میں بھی اضافہ

ہوتا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری پہلے ہی مہنگی ترین بجلی استعمال کرنے پر مجبور ہیں اور تمام تر مصائب و پریشانیوں کے باوجود باقاعدگی سے بجلی کے بل جمع کراوتے ہیں لہٰذا وہ ایسے کسی فیصلے کو کسی بھی صورت قبول نہیں کرینگے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بجلی کی قیمت میں مزید چھ فیصد اضافے کا اثر بھی براہ راست مزدور پیشہ غریب عوام پر پڑے گا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلے ہی کراچی سمیت دیگر شہروں میں لوڈ شیڈنگ کے نت نئے ریکارڈ قائم ہورہے ہیں جبکہ بجلی کے بریک ڈاؤنز کے باعث کئی شہر، گاؤں، دیہات مکمل تاریکی میں ڈوبے رہتے ہیں اوران شہروں کے غریب عوام سخت گرمی سے بلبلا رہے ہیں اوراحتجاج پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے کاروباری اورتجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں اوردرجنوں کمپنیاں اور کارخانے بند ہوکررہ گئے اور مہنگی بجلی سے مزید درجنوں کمپنیاں اور کارخانے بند ہونے کا خدشہ ہے جس سے ملک میں مزید بے روزگاری بڑھے گی۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی قیمت میں حالیہ چھ فیصد اضافے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اورعوام کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## جامعہ وفاقی اُردو میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر ایک طلباء تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کا حملہ قابل مذمت ہے،ترجمان اے پی ایم ایس او،

کراچی:۔۔۔13 مئی 2010ء

جامعہ وفاقی اُردو گلشن اقبال کیمپس میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر ایک طلباء تنظیم کے مسلح دہشت گرد عناصر کی جانب سے حملہ قابل مذمت ہے۔یہ بات آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے ترجمان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہی۔ترجمان نے کہا کہ گذشتہ کئی دنوں سے اس طلباء تنظیم کے کارکنان جامعہ وفاقی اُردو میں معصوم طلباء وطالبات کیساتھ تشدد پسندانہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے اور جامعہ کے تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کررکھا ہوا ہے اس ہی طرح انٹرمیڈیٹ کے تحت ہونیوالے امتحانات میں مختلف امتحانی مراکز میں معصوم طلباء وطالبات کے پیسے اورموبائل فون چھیننے اوران پر تشدد دواردتیں کا سلسلہ شروع کردیا ہے یہاں تک کے امتحانی مراکز کے اساتذہ کرام کو بھی ان کے مسلح دہشت گردوں نے متعدد بار تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ترجمان نے کہا کہ اے پی ایم ایس او شہر بھر کے تعلیمی اداروں میں قیام امن کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتے آرہی ہے لیکن افسوس کیساتھ اس طلباء تنظیم کے کارکنان تعلیمی اداروں میں قیام امن قائم سبوتاژ کرکے اپنے مذموم مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے تعلیمی اداروں کو اپنی آماج گاہ بنایا ہوا جہاں صرف اورصرف غیر اخلاقی حرکتوں اوراسلحہ کی سیاست کی تربیت دی جارہی ہے ترجمان نے کہا کہ تعلیمی ادارے طلبہ کی تربیت کیلئے ایک مثبت کردادادا کرتے ہیں جہاں حصول علم میں اضافہ بھی ہوتا ہے لیکن ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے نہ جانے کیوں ایسے دہشت گرد عناصر کے خلاف کاروائی نہیں کرتے کل بھی جب جامعہ وفاقی اُردو گلشن اقبال کیمپس میں اس طلباء تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے اے پی ایم ایس و کے نہتے کارکن انصر کو خنجر مارکر شدید زخمی کردیا اور متعدد کارکنان کو راڈوں سے حملہ کرکے زخمی کردیا اور جب فائرنگ کا سلسلہ شروع کیا تو قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار خاموش تماشائی بنے رہی لیکن امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے بجائے مزید خراب ہوتا ہوا دیکھتے رہے،ترجمان نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس واقعہ میں ملوث اس طلباء تنظیم کے مسلح دہشت گرد کارکنان کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے اور تعلیمی اداروں میں طلباء وطالبات کے جان ومال کے تحفظات کو یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کے بھائی کے خسر اور افتخار اکبر رندھاوا کی نانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کے بھائی سید نسیم الحق کے خسر سید سمیع احمد اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا کی نانی کہر بی بی کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی سلیم شہزاد کے بھائی سید نسیم الحق کے خسر سید سمیع احمد اوررکن رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا کی نانی کہر بی بی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت،ان کے بلند درجات اورسوگواران کو صبر جمیل کیلئے دعائیں کیں۔

## سابق رکن سندھ اسمبلی حاجی محمد صدیق شورو کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔13مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سابق رکن سندھ اسمبلی حاجی محمد صدیق شورو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے حاجی محمد صدیق شورو مرحوم کے اہلخانہ اور دیگر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا کی نانی ماں کے انتقال پر
## لاہور زون کمیٹی،لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی،متحدہ لائرز فورم اور لاہور ریذیڈنس کمیٹی کا اظہار تعزیت

لاہور۔۔۔13مئی 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا کی نانی ماں کے انتقال پر لاہور زون کمیٹی،لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی،متحدہ لائرز فورم اور لاہور ریذیڈنس کمیٹی نے اظہار تعزیت کیا اپنے ایک تعزیتی بیان میں لاہور زون نے مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند کرے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کریں۔(آمین)

☆☆☆☆☆